بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

شروع کرتا ہوں میں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو نہایت مہربان بڑا رحم والا ہے

قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ ١

آپ کہہ دیجئے! کہ میں لوگوں کے پروردگار کی پناہ میں آتا ہوں۔

مَلِكِ النَّاسِ ٢

لوگوں کے مالک کی

إِلَٰهِ النَّاسِ ٣

لوگوں کے معبود کی (پناہ میں)۔

مِن شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ٤

وسوسہ ڈالنے والے پیچھے ہٹ جانے والے کے شر سے۔

الَّذِى يُوَسْوِسُ فِى صُدُورِ النَّاسِ ٥

جو لوگوں کے سینوں میں وسوسہ ڈالتا ہے۔

مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ٦

(خواہ) وہ جن میں سے ہو یا انسان میں سے۔